غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا ترجمان

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن

# غزالی نیوز

GHAZALI NEWSLETTER

شمارہ نمبر 59 www.get.org.pk ستمبر 2023

GhazaliEducationFoundation | (042) 111 438 438

## اندرونی صفحات


- اسپیکر پنجاب اسمبلی کی دعوت پر خصوصی بچوں کی پنجاب اسمبلی آمد
- یتیم / مستحق طلباء میں تعلیمی ضروریات اور فوڈ پیکج کی تقسیم
- مرزاں ورکاں میں سکول کی تعمیر کا آغاز
- کراچی کی نمایاں ادبی شخصیات کے ساتھ خصوصی نشست
- قطر کے معروف بزنس مین رائے پرویز اقبال کا دورہ
- برطانیہ میں غزالی ایجوکیشن فورم کا قیام




## اسپیکر پنجاب اسمبلی کی دعوت پر خصوصی بچوں کی پنجاب اسمبلی آمد

اسپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان کی دعوت پر غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے خصوصی بچوں نے پنجاب اسمبلی میں ہونے والی یوم آزادی کی تقریب میں شرکت کی جہاں تمام خصوصی بچوں کو اوران کے اساتذہ کو قائدِ ایوان کی جانب سے ایوارڈ اور دیگر تحائف دیئے گئے۔ اس موقع پر سبطین خان نے دیہی پاکستان کے سپیشل بچوں کیلئے غزالی فاؤنڈیشن کی خدمات کو سراہا اور پسماندہ دیہاتوں میں خصوصی بچوں کی فلاح اور بحالی کی کاوشوں کو قابل قدر قرار دیا۔ انہوں نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود کو دیہاتوں کے نظرانداز طبقات کی تعلیم کیلئے کام کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ بھی پیش کی۔

## یتیم / مستحق طلباء میں تعلیمی ضروریات اور فوڈ پیکج کی تقسیم



غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سکولوں میں پڑھنے والے یتیم / مستحق بچوں میں تعلیمی ضروریات کی تقسیم کے سلسلے میں خصوصی تقاریب منعقد ہوئیں۔ طلبہ میں سکول بیگ، کاپیاں، یونیفارم اور دیگر متعلقہ اشیاء تقسیم کی گئیں۔ دوسری جانب مختلف اضلاع کے سکولوں میں مستحق طلبہ کے خاندانوں میں ایک ماہ کے راشن پر مشتمل فوڈ پیکج کی تقسیم بھی ممکن بنائی گئی۔ غزالی فاؤنڈیشن نے اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے عید کے موقع پر طلبہ میں تحائف بھی تقسیم کئے۔ عید تحائف، راشن اور تعلیمی ضروریات کی تقسیم کے سلسلے میں فاؤنڈیشن کو یو کے اسلامک مشن کا خصوصی تعاون حاصل رہا۔



## مرزاں ورکاں میں سکول کی تعمیر کا آغاز

شیخوپورہ میں مرزاں ورکاں کے مقام پر غزالی ماڈل ہائی سکول کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔ سکول کا سنگِ بنیاد غزالی فاؤنڈیشن کی معاون و سرپرست شمیم اختر نے ایک خصوصی تقریب کے دوران اپنے دستِ مبارک سے رکھا۔ افتتاحی تقریب میں شیخوپورہ کی سماجی شخصیت تحفہ دستگیر کے علاوہ معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے بھی شرکت کی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے اس اعتماد پر شمیم اختر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ غزالی سکول مرزاں ورکاں کی بنیاد اخلاص، ایثار اور قومی تعمیر کے جذبہ کے ساتھ رکھی گئی ہے۔ یہ سکول علاقہ کے ان سینکڑوں بچوں کیلئے امید کی کرن ثابت ہوگا جو کسی نہ کسی وجہ سے اب تک تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہیں۔ اس موقع پر شمیم اختر نے امید ظاہر کی کہ سکول کی تعمیر سے علاقے کے سینکڑوں بچوں کیلئے حصولِ تعلیم کی راہ ہموار ہوگی۔ واضح رہے کہ سکول کیلئے 12 کنال پر مشتمل مذکورہ اراضی غزالی فاؤنڈیشن کے معاونین عارف حسین، احسان الٰہی اور عرفان عارف نے وقف کی ہے۔ سکول کی تعمیر کیلئے ادارے کو شمیم اختر اور ان کی فیملی کا بھرپور تعاون حاصل ہے۔

## کراچی کی نمایاں ادبی شخصیات کے ساتھ خصوصی نشست



کراچی کی نمایاں ادبی شخصیات کے اعزاز میں خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ نشست کی میز بانی غزالی فاؤنڈیشن سندھ کی کوارڈینیٹر سدرہ سحر عمران نے کی، جبکہ معروف مصنفہ، ڈرامہ نگار نورالہدیٰ شاہ سمیت دیگر اہلِ قلم محفل کا حصہ تھے۔ نشست میں شریک سینئر ادیب، ڈرامہ و ناول نگار، دانشوروں اور شعراء میں انور سن رائے، نذیر لغاری، عذرا عباس، تنویر انجم، فیض اللہ خان، امتیاز پراچہ، افضال احمد، اقبال خورشید، سلیم مغل، فہیم صدیقی، عقیل عباس جعفری، آمنہ احسن اور سعد حبیب شامل تھے۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود کی جانب سے شرکاء کو غزالی فاؤنڈیشن کا تعارف پیش کیا گیا اور ادارے کے تعلیمی منصوبہ جات سے تفصیلاً آگاہ کیا گیا۔ شرکاء نے غزالی فاؤنڈیشن کی کاوشوں کی تحسین کرتے ہوئے ان تعلیمی پراجیکٹس کو وقت کی ترجیحی ضرورت قرار دیا اور ان کے فروغ کیلئے بیش قیمت تجاویز دیں۔ شرکاء کی جانب سے غزالی فاؤنڈیشن کے منصوبہ جات کے فروغ کیلئے ہر ممکن سرپرستی کی یقین دہانی بھی کروائی گئی۔

## قطر کے معروف بزنس مین رائے پرویز اقبال کا دورہ

قطر (دوحہ) سے تعلق رکھنے والے معروف بزنس مین رائے پرویز اقبال نے غزالی ہیڈ آفس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود سے ملاقات کی



اس موقع پر پاکستان کے پسماندہ دیہی اضلاع کی خواندگی کے امور زیر بحث آئے۔ رائے پرویز اقبال نے بالخصوص ڈسکہ میں تعلیمی منصوبہ کے آغاز میں اپنی خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں شخصیات کے درمیان ڈسکہ میں لٹریسی ریٹ کو 53% سے بڑھانے کے حوالے سے مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رائے پرویز اقبال نے غزالی فاؤنڈیشن کو قطر کے مختلف فلاحی اداروں اور مخیر حضرات تک رسائی کے حوالے سے بھی اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے ہیڈ آفس میں غزالی فورم کے تحت منعقدہ خصوصی نشست میں اپنے تجربات بھی شیئر کئے۔

## ہندو بچوں میں دیوالی گفٹس کی تقسیم

غزالی فاؤنڈیشن کے ہندو بچوں کیلئے قائم سکولوں میں دیوالی کے موقع پر خصوصی تحائف تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر طلبہ کو دیوالی کی مبارکباد بھی دی گئی اور ان کے ساتھ مل کر دیوالی سرگرمیوں میں حصہ لیا گیا۔ غزالی فاؤنڈیشن کے سینئر پروگرام آفیسر عابد حسین اور ڈسٹرکٹ مینیجر حافظ سلیم اعوان نے دیوالی پروگرامات میں ادارے کی نمائندگی کی اور بچوں کی خوشیوں میں شامل ہوئے۔ واضح رہے غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے جنوبی پنجاب اور اندرون سندھ میں ہندو کمیونٹی کیلئے مجموعی طور پر 7 سکول قائم کر رکھے ہیں جہاں 800 سے زائد ہندو بچے اپنی ہی کمیونٹی کے اساتذہ سے مکمل مذہبی آزادی کے ساتھ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

## برطانیہ میں غزالی ایجوکیشن فورم کا قیام

برطانیہ میں غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سی ای او چوہدری نصر اقبال اور کوارڈینیٹر سہیل ضرار خلش کی زیر نگرانی اہم و متحرک سماجی افراد پر مشتمل غزالی ایجوکیشن فورم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ "غزالی فورم برطانیہ" پاکستان کے کم وسیلہ بچوں کی تعلیم کیلئے اپنا سماجی و فلاحی کردار ادا کرے گی۔ غزالی فورم برطانیہ کے قیام کے موقع پر ملٹن کینز کے صدر کونسلر انصر حسین، لوٹن کے صدر مقصود انور اور مقامی مذہبی سکالر مولانا اقبال اعوان بھی موجود تھے جبکہ ایسٹ لندن اور ویسٹ لندن سے سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان اظہر صدیق، اسلام چینل کے سربراہ محمد نعمان سید، ڈاکٹر جاوید شیخ، عرفان چوہدری، ایڈووکیٹ خلیل الرحمن، ماہر تعلیم فیصل شوکت، خالد محمود، مشہور شاعر یشب تمنا، سابق میئر ارشد محمود، ایسٹ لندن کے صدر ساجد خان، سیکرٹری جنرل ڈاکٹر پرویز شیخ، لیگل سیکرٹری رومانہ کوثر، ویسٹ لندن کی معروف سماجی شخصیت پروفیسر عقیل دانش، صدر ڈاکٹر نیلم فواد اور سیکرٹری جنرل سید ذیشان حسین شامل تھے، جنہوں نے غزالی فورم کی بھرپور حمایت اور پاکستان کے پسماندہ دیہاتوں کی خواندگی کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ذمہ داران کو اعزازی اسناد بھی دی گئیں۔








## پاکستان ویلفیئر فورم قطر کے وفد کا دورہ

پاکستان ویلفیئر فورم قطر کے صدر خالد سجاد بھٹی اور احمد حسین نے غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سمیت دیگر ذمہ داران سے ملاقات کی۔ مہمانان کو فاؤنڈیشن کے تعلیمی پراجیکٹس پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر خالد سجاد بھٹی اور احمد حسین نے ادارے کی کاوشوں کی تعریف کی اور پاکستان کی تعلیمی ترقی کیلئے کردار کو سراہا۔ ملاقات میں پاکستان ویلفیئر فورم قطر کی جانب سے مختلف تعلیمی منصوبوں میں غزالی ٹرسٹ کی معاونت کے حوالے سے بھی سیر حاصل گفتگو ہوئی۔

## قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابراعظم اور دانشور انور مقصود سے ملاقات

غزالی فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابراعظم کے مابین امریکہ میں ملاقات ہوئی جس میں سید عامر محمود نے بابراعظم کو ادارے کا تعارف پیش کیا۔ دوسری جانب مینیجر محمد عمران خلیل کی سربراہی میں غزالی فاؤنڈیشن کے وفد نے معروف دانشور انور مقصود سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی اور ادارے کے تعلیمی منصوبوں سے تفصیلاً آگاہ کیا۔ انور مقصود اور بابراعظم نے غزالی فاؤنڈیشن کی کاوشوں کو سراہا اور ادارہ سے منسلک اساتذہ اور رضاکاروں کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔ اس موقع پر بابراعظم اور انور مقصود کو فاؤنڈیشن کے دورہ کی دعوت دی گئی۔





## جی پی سی کے طلبہ کیلئے الفلاح سکالرشپ کا اجراء

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے پراجیکٹ غزالی پریمئر کالج (جی پی سی) کے 5 طلباء کو ''الفلاح سکالرشپ'' کی جانب سے سکالرشپ کیلئے منتخب کیا گیا۔ طلباء کو وظائف کا اجراء چیئرمین مجید احمد اور سیکرٹری جنرل ڈاکٹر خالد محمود ثاقب کی جانب سے کیا گیا۔ غزالی فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے جی پی سی کے طلباء کیلئے اس اقدام پر الفلاح سکالرشپ کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا اور اس امر کا اظہار کیا کہ مذکورہ طلباء کیلئے سکالرشپ کا اجراء انہیں تعلیم کے میدان میں آگے بڑھنے کا موقع دے گا۔ سید عامر محمود نے اس امید کا بھی اظہار کیا کہ جی پی سی کے مزید طلباء بھی اپنی محنت اور قابلیت کی بدولت الفلاح سکالرشپ کیلئے منتخب ہوں گے۔

## غزالی سکول فیصل آباد میں میڈیکل اسسمنٹ کیمپ کا انعقاد

غزالی سکول 78 ج-ب فیصل آباد میں خصوصی بچوں کیلئے میڈیکل اسسمنٹ کیمپ اور پیرنٹ کونسلنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس سرگرمی سے غزالی سکولوں میں زیر تعلیم خصوصی طلباء کے والدین کے علاوہ، علاقہ کے دیگر خصوصی بچے اور ان کے والدین بھی مستفید ہوئے۔ کیمپ میں ڈاکٹرز، فزیوتھراپسٹ، سپیچ تھراپسٹ، سائیکالوجسٹ اور سپیشل ایجوکیشن کے ماہرین موجود تھے جنھوں نے والدین کو خصوصی بچوں کی تعلیم و تربیت اور پرورش سے متعلق راہنمائی دی۔ اس موقع پر ماہرین اور منتظمین نے والدین و اہلیان علاقہ پر زور دیا کہ وہ خصوصی بچوں کو گھروں تک محدود رکھنے کی بجائے غزالی سکولوں میں بھیجیں تاکہ ان کی تعلیم و تربیت میں والدین کی معاونت کر کے انہیں احساس کمتری سے نکالا جا سکے۔ کیمپ کے منتظمین نے اس ضمن میں والدین اور اہلیان علاقہ کی کونسلنگ بھی کی۔ میڈیکل اسسمنٹ کیمپ اور پیرنٹ کونسلنگ سیشن کا انعقاد ادارہ رائزنگ سن کے تعاون سے کیا گیا تھا۔



# مختلف اضلاع میں چیریٹی پروگرامات



غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سکولوں میں پڑھنے والے یتیم و مستحق اور خصوصی طلباء کی تعلیمی کفالت کیلئے 30 اضلاع میں چیریٹی پروگرامات کا انعقاد کیا گیا جن میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے اہلِ خیر نے شرکت کی۔ ملک کے ممتاز شعراء انور مسعود، عباس تابش، وصی شاہ اور ڈاکٹر طاہر شہیر کے علاوہ معروف کامیڈین افتخار ٹھاکر اور مقامی سماجی شخصیات ان تقاریب کا حصہ تھے۔ شعراء اور دیگر مہمانان کی جانب سے غزالی سکولز کے یتیم و مستحق طلباء کی تعلیم میں معاونت کیلئے ادارے کے ساتھ بھرپور تعاون کی اپیل کی گئی۔ ان تقاریب میں اہلِ خیر کی جانب سے 2000 سے زائد یتیم و مستحق اور سپیشل طلبہ و طالبات کی تعلیمی کفالت کی ذمہ داری لی گئی۔



## بلوچستان کی سماجی شخصیات کا دورہ

بلوچستان کی معروف سماجی شخصیات بشیر احمد ماندائی اور مولانا عبدالحمید منصوری اور سید نورالحق ایڈوکیٹ نے غزالی سکول نسائی قلعہ سیف اللہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وہ طلبہ و اساتذہ سے بھی ملے اور محدود وسائل کے باوجود خود کو طلبہ کی تعلیم و تربیت کیلئے وقف رکھنے پر اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی اور ان کی ثابت قدمی کو سراہا۔ انہوں نے طلبہ کو سماجی ترقی کیلئے کردار ادا کرنے اور ہر صورت تعلیم جاری رکھنے کی نصیحت کی جبکہ خواندہ بلوچستان کیلئے غزالی فاؤنڈیشن کی انتظامیہ کو اپنی ہر ممکن سرپرستی اور تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔

## تربیتِ اساتذہ پروگرامات



غزالی فاؤنڈیشن کے اساتذہ و پرنسپلز کیلئے تربیت اساتذہ پروگرام کے تحت فہم دین ورکشاپ، موضوعاتی ورکشاپ سمیت دیگر تربیتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ مختلف اضلاع میں ہونے والی فہمِ دین ورکشاپس کے تحت شرکاء کو قرآن فہمی کے حوالے سے لیکچرز دیئے گئے اور تجوید و تفسیر سیکھنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ورکشاپس میں طلبہ کو قرآن کی تدریس کے حوالے سے بھی راہنمائی دی گئی، جبکہ اُسوہِ رسول ﷺ کی روشنی میں موثر تدریس جیسے عنوانات پر بھی خصوصی لیکچرز ہوئے...... دوسری جانب مختلف نصابی مضامین کی تدریس کے حوالے سے منعقدہ ورکشاپس تدریسِ انگریزی و ریاضی، امتحانات کی تیاری، پرائمری جماعتوں میں تدریسِ لسانیت پر ورکشاپس اور اسٹڈی سرکلز کروائے گئے۔ ان سرگرمیوں کا اہتمام جندر بانڈہ، بٹکرڑ، دھریمہ، جھنگ، دیپالپور، قصور، فیصل آباد، ملتان، اخلاص پور، میانوالی، اٹک، نارووال سمیت دیگر اضلاع میں کیا گیا۔

## غزالی سکولز بلوچستان میں مختلف تقاریب کا انعقاد

بلوچستان کے غزالی سکولوں میں طلبہ کیلئے مختلف سر گرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ غزالی سکولز نسائی ضلع قلعہ سیف اللہ میں طلبہ میں تقاریر، حمد، نعت، بیت بازی، مضمون نویسی، ملی نغموں اور کھیلوں سمیت مختلف مقابلہ جات کروائے گئے۔ غزالی سکول (مرتت) لورالائی میں پہلے سہ ماہی رزلٹ کے حوالے سے خصوصی تقریب کا انعقاد ہوا۔ غزالی سکولز نواں کلی (کوئٹہ) میں بھی تقریب تقسیمِ انعامات منعقد ہوئی، جس میں طلبہ و اساتذہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انعامات سے نوازا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر غزالی سکولز بلوچستان نورالدین غلزئی اور دیگر مہمانان نے طلباء کو بہترین مستقبل کے حوالے سے ہدایات دیں اور ہم نصابی سر گرمیوں میں زیادہ سے زیادہ شمولیت پر زور دیا۔



## میاں اظہر علی کا غزالی سکول فیصل آباد کا دورہ

غزالی فاؤنڈیشن کے ناروے میں مقیم معاون و سرپرست میاں اظہر علی نے فیصل آباد کی تحصیل جڑانوالہ میں غزالی سکول اڈہ پل 93 کا دورہ کیا۔ انہوں نے طلبہ کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور طلبہ و اساتذہ سے خصوصی طور پر ملاقاتیں کیں۔ میاں اظہر علی نے انتظامیہ سے سکول متعلق مسائل دریافت کئے اور ان کے ازالے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے سکول میں ووکیشنل سنٹر اور حفظ کلاس کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر سکول کے طلباء و اساتذہ نے سکول کی کفالت اور مختلف سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے میاں اظہر علی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سکول کی ترقی کیلئے مزید اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔ اپنے دورہ کے دوران میاں اظہر علی نے سکول میں یادگاری پودا بھی لگایا۔

## سفید پوش اساتذہ میں قربانی کے گوشت کی تقسیم

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے گذشتہ سالوں کی طرح اس مرتبہ بھی اپنے سکولوں کے اساتذہ کو عیدِ قرباں کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے قربانی کا گوشت پہنچانے کا اہتمام کیا۔ غزالی فاؤنڈیشن کے رضاکاروں نے اساتذہ و طلباء کے ساتھ ساتھ دیگر سفید پوش افراد کے گھروں تک بھی گوشت پہنچایا۔ عیدالاضحی ”بڑی عید، بڑا ایثار“ کے عنوان کے تحت اندرون و بیرون ملک سے مخیر افراد کے تعاون سے رواں سال مجموعی طور پر 660 قربانیاں ہوئیں، جن سے 12 دور دراز اضلاع کے 7000 سے زائد خاندان مستفید ہوئے۔



# سدرہ سحر عمران کوارڈینیٹر، موناخان تعلیمی سفیر مقرر



ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر نے معروف ڈرامہ رائٹر، شاعرہ، افسانہ نگار اور ادبی شخصیت سدرہ سحر عمران کو غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا کوارڈینیٹر جبکہ کراچی سے تعلق رکھنے والی سینئر صحافی، اینکر اور انٹرویور موناخان کو تعلیمی سفیر مقرر کر دیا ہے۔ سدرہ سحر عمران اور موناخان نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ پاکستان کے دیہاتوں کی تعلیمی ترقی کیلئے غزالی فاؤنڈیشن کا مکمل ساتھ دیتے ہوئے کم وسیلہ بچوں کی خواندگی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی۔ انہوں نے فاؤنڈیشن کا منشور اپنے حلقہ احباب تک پہنچانے اور تعلیمی منصوبوں کی وسعت کیلئے بھی اپنا ہر ممکن کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔



## غزالی فاؤنڈیشن کے وفد کا الامین اکیڈمی کا دورہ

غزالی فاؤنڈیشن کے وفد نے مینیجر کوالٹی ایشورنش عامر شہزاد اور شہید الحق ظفر کی قیادت میں مستحق طلباء کو سول سروسز کی تیاری کروانے والے ادارے الامین اکیڈمی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ادارے کے صدر ضیاالحق نقشبندی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر غزالی فاؤنڈیشن کے وفد کو الامین اکیڈمی کے اغراض ومقاصد پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ کن مراحل سے گزر کر مستحق طلبہ کو سی ایس ایس اور پی ایم ایس کے امتحانات کی تیاری کروائی جارہی ہے۔ غزالی فاؤنڈیشن کے وفد نے ادارے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسے منفرد اور چیلنجنگ کام قرار دیا اور کہا کہ مستحق طلباء کو سول سروسز کیلئے تیار کرنا انسانیت کی خدمت ہے، بالخصوص فیس نہ دے سکنے والے طلباء کو بھی مواقع دینا ایک قابل تعریف اقدام ہے۔ ضیاالحق نقشبندی کی جانب سے غزالی فاؤنڈیشن کے طلبہ کو بھی سول سروسز امتحانات کیلئے تیار کرنے کی پیشکش کی گئی جبکہ اس موقع پر دونوں اداروں کے مابین ایک دوسرے کے تعلیمی وسماجی تجربات سے استفادہ پر بھی اتفاق کیا گیا۔

## غزالی سکولز پی ایس ایس پی پراجیکٹ کی سالانہ پرنسپل میٹنگ



غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن (پی ایس ایس پی پراجیکٹ) کی سالانہ پرنسلز میٹنگ راولپنڈی میں منعقد ہوئی جس میں گذشتہ تعلیمی سیشن کی جائزہ رپورٹ کی روشنی میں آئندہ سیشن کی منصوبہ بندی کی گئی۔ اس موقع پر پراجیکٹ سے متعلقہ مسائل بھی زیر بحث آئے اور ان کے ازالے کیلئے لائحہ عمل طے کیا گیا۔ اجلاس میں مشکلات کے باوجود سکولوں کی مجموعی کارکردگی اور تعلیم وتدریس کے امور بہترین انداز میں چلانے پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور اساتذہ اور ضلعی افسران کی تحسین کرتے ہوئے نمایاں کارکردگی دکھانے والے سکولوں کے پرنسپلز کو اعزازی شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔

# ستاروں پر جو ڈالتے ہیں کمند

رواں تعلیمی سال میں غزالی سکولز کے تقریباً700 طلباء نے میٹرک کے امتحانات دیئے۔ غزالی سکول کی طالبہ اریبہ شاہد[لاہور] 1071، ثنافاطمہ [چک 79ج۔ب، فیصل آباد] 1060، ارم فاطمہ [بہل، بھکر] 1060، حجاب افضل [چک 77ج۔ب، فیصل آباد] 1050 لے کر نمایاں رہیں۔ ایگزیکٹوڈائریکٹر سید عامر محموداور صوبہ جات کے ڈائریکٹرز نے تعلیمی نتائج پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تمام کامیاب طلبہ، ان کے اساتذہ اور والدین کو مبارکباد دی اور کہا ہے کہ دیہی پاکستان سے تعلق رکھنے والے طلباء، بالخصوص آرفن نیڈی سپورٹ پروگرام کے طلبہ وطالبات کے شاندار تعلیمی نتائج ہر سال ہمارا حوصلہ بڑھاتے ہیں جس سے پاکستان کو خواندہ بنانے کا ہمارا عزم مزید پختہ ہوتا ہے۔

## Matric Result 2023



**1071**
Areeba Shahid
164432

**1060**
Sana Fatima
411772

**1060**
Iram Fatima
567861

**1053**
Noor Siddique
411771

**1052**
Misbah Saeed
107702

**1051**
Shahzad Shahid
480690

**1050**
Hijab Afzal
411834

**1045**
Mubarrah
411834

**1044**
Shozab Tariq
536113

**1039**
Laiba Sohail
411780

**1034**
Muhammad Awais
458744

**1031**
Abdil Basit
261348

**1029**
Aneela Aad
411841

**1028**
Samaria Raza
411784

**1028**
Amina Inam
536003

**1026**
Saba Parveen
411775